رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 2 | پرچہ: تیسرا | مضمون: العقیدۃ

تاریخ: 24-01-2026 | دن: ہفتہ | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام کو کیسا سجدہ کیا تھا؟

سوال نمبر 2: کیا دنیا ہمیشہ رہے گی؟

سوال نمبر 3: کیا صحیح توریت، انجیل اور زبور کہیں ملتی ہے؟ اگر نہیں تو کیوں؟

سوال نمبر 4: کیا قبر ہر مردے کو دباتی ہے؟

سوال نمبر 5: کیا تقدیر کے موافق کام کرنے پر آدمی مجبور ہے؟

سوال نمبر 6: جب حزن کیا ہے؟

سوال نمبر 7: ایمان کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 8: دابۃ الارض کیا چیز ہے؟

سوال نمبر 9: معجزہ اور کرامت میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 10: وحی کیا ہوتی ہے؟

سوال نمبر 11: مشہور فرشتے کون کون سے ہیں؟

سوال نمبر 12: قرآن میں مذکورہ کوئی سے تین انبیاء کرام علیہم السلام کے نام لکھئے۔

سوال نمبر 13: کیا انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاء اللہ سے مدد مانگی جاسکتی ہے؟

سوال نمبر 14: قیامت کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 15: قبروں پر مزارات بنانا کیسا ہے؟

سوال نمبر 16: خلفائے راشدین سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 17: بڑی راتوں میں جمع ہو کر عبادت کرنا کیسا ہے؟

سوال نمبر 18: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو ذوالنورین کیوں کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر 19: ایصال ثواب کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 20: گناہ کبیرہ کیا ہوتا ہے اور کیا اس کا مرتکب کافر ہو جاتا ہے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: قیامت کی نشانیاں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: موت اور قبر سے متعلقہ اسلامی عقائد پر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: تقدیر کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ مفصل تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: قرآن مجید میں جن انبیاء کرام علیہم السلام کا ذکر ہوا ہے، ان میں سے کوئی انبیاء کرام کا ایک ایک واقعہ لکھئے۔

سوال نمبر 5: بدعت کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ ہر ایک کی تعریفات بیان کیجئے۔

رول نمبر: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

KANZ-UL-MADARIS BOARD

درجہ: **کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 2** پرچہ: **تیسرا** مضمون: **العقیدۃ**

تاریخ: **24-01-2026** دن: ہفتہ کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

امتحانی سنٹر: _____ دستخط نگران امتحانی سنٹر: _____ دستخط مقنش: _____

دستخط اُمیدوار: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: دنیا کی ہر چیز کا انجام کیا ہے؟

(الف) ہمیشہ قائم رہنا (ب) بدلنا اور فنا ہونا (ج) صرف بدلنا (د) صرف فنا ہونا

سوال نمبر 2: تمام جہان کو کس نے پیدا کیا؟

(الف) فرشتوں نے (ب) انسان نے (ج) اللہ تعالیٰ نے (د) کسی نے نہیں

سوال نمبر 3: روزی دینا، جلانا اور مارنا کس کے اختیار میں ہے؟

(الف) انسان کے (ب) بادشاہ کے (ج) اللہ تعالیٰ کے (د) فرشتوں کے

سوال نمبر 4: انبیاء علیہم السلام کس سے پاک ہوتے ہیں؟

(الف) ہر عیب اور گناہ سے (ب) صرف جسمانی بیماریوں سے (ج) صرف جھوٹ سے (د) صرف غصے سے

سوال نمبر 5: سب سے بڑا رتبہ کس نبی کو حاصل ہے؟

(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (ج) حضور سید الانبیاء ﷺ (د) حضرت نوح علیہ السلام

سوال نمبر 6: انسانی نسل کس سے چلی؟

(الف) حضرت نوح سے (ب) حضرت ابراہیم سے (ج) حضرت آدم سے (د) حضرت یعقوب علیہم السلام سے

سوال نمبر 7: واقعہ معراج میں حضور ﷺ سب سے پہلے کہاں تشریف لے گئے؟

(الف) مدینہ منورہ (ب) بیت المقدس (ج) آسمانِ دنیا (د) جنت الفردوس

سوال نمبر 8: معراج میں حضور ﷺ نے کن مقامات کا مشاہدہ فرمایا؟

(الف) صرف آسمان (ب) صرف جنت (ج) صرف دوزخ (د) آسمان و زمین کے تمام ملک، جنت اور دوزخ

سوال نمبر 9: قرآن پاک کس کا کلام ہے؟

(الف) نبی کریم ﷺ کا (ب) فرشتوں کا (ج) اللہ تعالیٰ کا (د) صحابہ کرام کا

سوال نمبر 10: کون سی کتاب حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی؟

(الف) انجیل (ب) زبور (ج) تورات (د) صحف

سوال نمبر 11: فرشتوں کے جسم کس چیز کے بنے ہیں؟

(الف) مٹی (ب) پانی (ج) نور (د) آگ

سوال نمبر 12: ہر شخص کی عمر میں کیا تبدیلی ممکن ہے؟

(الف) گھٹ سکتی ہے (ب) بڑھ سکتی ہے (ج) نہ گھٹتی ہے نہ بڑھتی ہے (د) آدھی رہ جاتی ہے

سوال نمبر 13: مسلمان کے پاس موت کے وقت کون سے فرشتے آتے ہیں؟

(الف) عذاب کے (ب) رحمت کے (ج) حساب لینے والے (د) سوال کرنے والے

سوال نمبر14: قیامت کی نشانی کے طور پر عورتوں کی تعداد کس سے زیادہ ہو جائے گی؟

(الف)بچوں سے (ب)مردوں سے (ج)غلاموں سے (د)عالموں سے

سوال نمبر15: ماں باپ سے بڑھ کر سب سے زیادہ مہربان کون ہے؟

(الف)نبی کریم ﷺ (ب)اللہ تعالیٰ (ج)فرشتے (د)اولیاء اللہ

سوال نمبر16: مشرکین فرشتوں کے بارے میں کیا عقیدہ رکھتے ہیں؟

(الف)اللہ کے بندے ہیں (ب)اللہ کی بیٹیاں ہیں (ج)انبیاء ہیں (د)انسان ہیں

سوال نمبر17: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مشہور معجزہ کون سا تھا؟

(الف)چاند کے دو ٹکڑے کرنا (ب)مردوں کو زندہ کرنا (ج)عصا کا اژدھا بن جانا (د)سورج کا واپس لوٹ آنا

سوال نمبر18: وحی کا لغوی معنی کیا ہے؟

(الف)بات چھپانا (ب)دعوت دینا (ج)علم دین حاصل کرنا (د)پیغام بھیجنا اور دل میں بات ڈالنا

سوال نمبر19: قیامت سے پہلے کون آسمان سے اتریں گے؟

(الف)حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ (ب)حضرت موسیٰ علیہ السلام (ج)حضرت عیسیٰ علیہ السلام (د)حضرت جبرائیل علیہ السلام

سوال نمبر20: جنت میں کتنے درجے ہیں؟

(الف)پچاس (ب)سو (ج)دوسو (د)ستر

سوال نمبر21: انبیاء کرام کو معجزات کس لیے عطا کیے جاتے ہیں؟

(الف)طاقت دکھانے کے لیے (ب)نبوّت کی دلیل کے طور پر (ج)دشمنوں کو ختم کرنے کے لیے (د)دنیاوی عزت کے لیے

سوال نمبر22: کافر دوزخ میں کتنا عرصہ رہیں گے؟

(الف)کچھ دن (ب)کچھ سال (ج)ہمیشہ (د)قیامت تک

سوال نمبر23: آواگون کا مطلب کیا ہے؟

(الف)روح کا جنت میں جانا (ب)موت کے بعد حساب ہونا (ج)روح کا فنا ہونا (د)روح کا کسی دوسرے بدن میں جانا

سوال نمبر24: میزان سے کیا مراد ہے؟

(الف)قیامت کے دن کا پل (ب)اعمال تولنے کا ترازو (ج)حساب لینے کا مقام (د)نامۂ اعمال

سوال نمبر25: پل صراط سے گزرنے میں سب کی حالت کیسی ہو گی؟

(الف)سب کی ایک جیسی (ب)سب آہستہ (ج)درجہ کے مطابق مختلف (د)سب جہنم میں گر جائیں گے

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: اسم کی پانچ علامات بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: مرکب کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟

سوال نمبر 3: مذکر اور مؤنث کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 4: الف مقصورہ اور ممدودہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 5: مرکب توصیفی، مرکب بنائی اور مرکب منع صرف کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 6: اعراب بالحرف اور اعراب بالحرکت کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 7: تابع اور متبوع کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 8: اسم کنایہ کسے کہتے ہیں اور یہ کتنے اور کونسے ہیں؟

سوال نمبر 9: صفت مشبہہ کسے کہتے ہیں اور یہ کیا عمل کرتا ہے؟

سوال نمبر 10: افعال قلوب کن پر داخل ہوتے ہیں اور کیا عمل کرتے ہیں؟

سوال نمبر 11: علم صرف کو صرف کیوں کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر 12: فعل ماضی اور فعل مضارع کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 13: حروف نواصب فعل مضارع میں کون سا لفظی عمل کرتے ہیں؟

سوال نمبر 14: ضمیر بارز کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟

سوال نمبر 15: باب کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 16: صحیح اور معتل کی تعریفات کیجئے۔

سوال نمبر 17: اسم مفعول کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 18: ملحق کسے کہتے ہیں؟ مع مثال بیان کیجئے۔

سوال نمبر 19: نواصب مضارع کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 20: فعل تعجب کی تعریف کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: کلمہ کی کتنی اقسام ہیں؟ ہر ایک کا نام، تعریف اور علامتیں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: جملہ خبریہ اور جملہ انشائیہ کسے کہتے ہیں؟ نیز جملہ انشائیہ کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟

سوال نمبر 3: مصدر کسے کہتے ہیں اور یہ کتنے طریقوں سے آتا ہے؟ نیز مصدر کیا عمل کرتا ہے؟

سوال نمبر 4: "فعل" مصدر سے فعل ماضی مطلق مثبت کی گردان لکھئے۔

سوال نمبر 5: ہمزہ کی تقسیمات واقسام پر بالتفصیل نوٹ تحریر کیجئے۔

رول نمبر: _____

دستخط اُمیدوار: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: **کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 2** پرچہ: **پانچواں** مضمون: **العربیۃ الوظیفیۃ**

تاریخ: **27-01-2026** دن: **منگل** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

امتحانی سنٹر: _____ دستخط نگران امتحانی سنٹر: _____ دستخط مقتش: _____

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: مفرد موضوع لفظ کو کیا کہا جاتا ہے؟

(الف) مرکب (ب) کلمہ (ج) جملہ (د) مہمل

سوال نمبر 2: بامعنی لفظ کو کیا کہا جاتا ہے؟

(الف) موضوع (ب) مہمل (ج) جملہ اسمیہ (د) مرکب ناقص

سوال نمبر 3: اسم کی کتنی اقسام ہیں؟

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

سوال نمبر 4: زمانے کی کتنی قسمیں ہیں؟

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) ایک

سوال نمبر 5: جس اسم میں تانیث کی کوئی علامت نہ ہو، اُسے کیا کہتے ہیں؟

(الف) مذکر (ب) مؤنث (ج) واحد (د) نکرہ

سوال نمبر 6: جمع قلت کتنے افراد کے لیے ہوتی ہے؟

(الف) تین سے دس (ب) گیارہ سے لامحدود (ج) تین تک کے لئے (د) پانچ سے بیس

سوال نمبر 7: جس اسم کے مقابل نر جاندار ہو اُسے کیا کہتے ہیں؟

(الف) مؤنث لفظی (ب) مؤنث حقیقی (ج) واحد (د) جمع سالم

سوال نمبر 8: لفظ "رَسُوْلُ اللهِ" کس قسم کا مرکب ہے؟

(الف) مرکب توصیفی (ب) مرکب اضافی (ج) جملہ فعلیہ (د) جملہ اسمیہ

سوال نمبر 9: " رَجُلٌ صَالِحٌ" کس قسم کا مرکب ہے؟

(الف) مرکب اضافی (ب) مرکب توصیفی (ج) جملہ فعلیہ (د) جملہ اسمیہ

سوال نمبر 10: " لَا تَكْفُرْ" کس قسم کا جملہ انشائیہ ہے؟

(الف) امر (ب) نہی (ج) استفہام (د) تمنی

سوال نمبر 11: وہ حروف جو کسی اسم پر داخل ہو کر اسے جر دے، کیا کہلاتے ہیں؟

(الف) حروف عطف (ب) حروف جارہ (ج) حروف ندا (د) حروف مشبہ بالفعل

سوال نمبر 12: "هذَا" کس قسم کا اسم ہے؟

(الف) اسم اشارہ قریب (ب) اسم اشارہ بعید (ج) اسم موصول (د) اسم استفہام

سوال نمبر13:" كَيْفَ "کس قسم کے اسم میں شامل ہے؟

(الف)اسم شرط (ب)اسم ظرف (ج)اسم استفہام (د)اسم فعل

سوال نمبر14:علم صرف کا لغوی معنی کیا ہے؟

(الف)پھیرنا یا تبدیل کرنا (ب)سیکھنا (ج)لکھنا (د)پڑھنا

سوال نمبر15:زمانے کے اعتبار سے فعل کی کتنی اقسام ہیں؟

(الف)دو (ب)تین (ج)چار (د)پانچ

سوال نمبر16:زمانے کے اعتبار سے ماضی کی کتنی قسمیں ہیں؟

(الف)تین (ب)چار (ج)پانچ (د)چھ

سوال نمبر17:فعل کے کل کتنے صیغے ہوتے ہیں؟

(الف)دس (ب)بارہ (ج)چودہ (د)سولہ

سوال نمبر18:امر حاضر معروف کس سے بنتا ہے؟

(الف)ماضی معروف سے (ب)مضارع حاضر معروف سے (ج)مصدر سے (د)فعل جامد سے

سوال نمبر19:" مَا نَصَرَ "کس قسم کا فعل ہے؟

(الف)مثبت (ب)منفی (ج)ماضی قریب (د)امر

سوال نمبر20:" نِعْمَ "کس قسم کا فعل ہے؟

(الف)متصرف (ب)جامد (ج)ماضی قریب (د)امر

سوال نمبر21:" ضَرْبٌ "سے ماضی بنانے کا صحیح طریقہ کون سا ہے؟

(الف)فاء اور لام پر فتحہ، عین پر ضمہ (ب)فاء اور لام پر فتحہ، عین پر فتحہ (ج)عین پر کسرہ، فاء اور لام پر فتحہ (د)فاء اور لام پر کسرہ، عین پر ضمہ

سوال نمبر22:وہ فعل جس سے پہلے کوئی حرف نفی نہ ہو کیا کہلاتا ہے؟

(الف)فعل مثبت (ب)فعل منفی (ج)فعل ماضی (د)فعل امر

سوال نمبر23:مضارع معروف کے کتنے اوزان ہیں؟

(الف)دو (ب)تین (ج)چار (د)پانچ

سوال نمبر24: نفی جحد بلم بنانے کے لیے مضارع کے شروع میں کون سا حرف لگایا جاتا ہے؟

(الف)لام امر (ب)لائے نہی (ج)لم (د)لما

سوال نمبر25:جب "لَمْ" مضارع کے پانچ مرفوع صیغوں پر داخل ہو تو مضارع میں کیا اثر ہوتا ہے؟

(الف)آخر میں نون بڑھ جاتا ہے (ب)آخر میں جزم آتا ہے (ج)آخر میں ضمہ آتا ہے (د)آخر میں کسرہ آتا ہے

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: گرمیوں میں ظہر کی نماز کس وقت پڑھنا مستحب ہے؟

سوال نمبر 2: فجر کی نماز کا وقت شروع ہونے کے لیے صبح میں کون سی نمایاں علامت کا ظاہر ہونا ضروری ہے؟

سوال نمبر 3: ترسل "اور" حدر "کے لغوی و عملی معنی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: عصر کی نماز کا آخری وقت کیا ہے؟

سوال نمبر 5: عشاء کی نماز کب شروع ہوتی ہے اور کب تک ادا کی جاسکتی ہے؟

سوال نمبر 6: نماز کے چھ فرائض بیان کیجئے۔

سوال نمبر 7: تکبیر تحریمہ میں امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف کے مسلک میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 8: منفرد کے لئے نماز میں قراءت کے متعلق کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 9: نماز میں کپڑوں کو لٹکانے یا سمیٹنے کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 10: نماز میں امام کے حدث لاحق ہونے پر کیا طریقہ اپنایا جاتا ہے؟

سوال نمبر 11: صف بندی میں مرد، بچوں اور عورتوں کی ترتیب کیا ہے؟

سوال نمبر 12: امام ابو حنیفہ کے نزدیک رات کی نفل نماز میں ایک سلام کے ساتھ زیادہ سے زیادہ کتنی رکعتیں پڑھی جاسکتی ہیں؟

سوال نمبر 13: اگر کوئی شخص نماز میں قعدہ اولیٰ بھول جائے اور قیام کے قریب ہو تو کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 14: طلوعِ شمس اور غروبِ شمس کے وقت نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 15: جمعہ کا وقت کیا ہے اور وقت گزرنے کے بعد اس کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 16: رمضان کا چاند دیکھنے اور اس کی گواہی قبول کرنے کا کیا طریقہ ہے؟

سوال نمبر 17: واجب روزے کی کتنی قسمیں ہیں اور ہر ایک کی مثال بیان کیجئے؟

سوال نمبر 18: کون سے اعمال روزہ توڑ دیتے ہیں؟

سوال نمبر 19: اگر کوئی شخص رمضان میں بلوغ کو پہنچے یا کافر مسلمان ہو جائے تو اس دن اور آئندہ دنوں کے روزے کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 20: سجودِ سہو کن صورتوں میں واجب ہوتا ہے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: نمازی کے لیے نماز شروع کرنے سے پہلے طہارت، ستر ڈھانپنے، قبلہ رخ ہونے کے احکام تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: مکروہ اوقات میں نماز کے احکام تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: نماز (جہری و سری) میں قراءت کے احکام تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: جمعہ کے تمام شرائط اور خطبہ کے احکام کو تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: اعتکاف کے جمیع احکام کو تفصیل سے بیان کیجئے۔

رول نمبر: _____

دستخط اُمیدوار: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 2 پرچہ: چوتھا مضمون: الفقہ

تاریخ: 26-01-2026 دن: پیر کل وقت: 30 منٹ کل نمبر: 25

امتحانی سنٹر: _____ دستخط نگران امتحانی سنٹر: _____ دستخط مقتش: _____

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال 1: نمازِ فجر کا اول وقت کب شروع ہوتا ہے؟

(الف) طلوعِ شفق (ب) طلوعِ فجر (ج) زوالِ شمس (د) طلوعِ آفتاب

سوال 2: نمازِ ظہر کا آخری وقت امام ابو حنیفہ کے نزدیک کیا ہے؟

(الف) جب سایہ چیز کے برابر ہو جائے (ب) جب سایہ چیز کے دوگنا ہو جائے

(ج) زوال (د) ضحوی کبری

سوال 3: نمازِ عصر کا اول وقت کب شروع ہوتا ہے؟

(الف) زوالِ شمس (ب) وقتِ ظہر کے خاتمہ پر (ج) طلوعِ آفتاب (د) غروبِ آفتاب

سوال نمبر 4: عشاء کو کب تک مؤخر کرنا مستحب ہے؟

(الف) نصف شب تک (ب) ثلثِ شب سے پہلے (ج) فجر تک (د) زوال تک

سوال نمبر 5: جو شخص تہجد کا عادی ہو، اس کے لیے وتر کا افضل وقت کون سا ہے؟

(الف) فوراً عشاء کے بعد (ب) آدھی رات پر (ج) آخری رات میں (د) فجر اول کے وقت

سوال نمبر 6: اذان کتنی نمازوں کے لیے سنّت مؤکدہ ہے؟

(الف) صرف جمعہ کے لیے (ب) پانچوں نمازوں اور جمعہ کے لیے (ج) صرف فجر کے لیے (د) عیدین کے لیے

سوال نمبر 7: نمازِ فجر کے لیے اذان میں دوسری اذانوں کی بنسبت اضافی طور پر کون سا جملہ دو مرتبہ کہا جاتا ہے؟

(الف) اللہ اکبر (ب) الصلاۃ خیر من النوم (ج) حی علی الفلاح (د) لا الہ الا اللہ

سوال نمبر 8: اذان دینے کے دوران چہرہ کس طرف موڑا جاتا ہے؟

(الف) دائیں اور بائیں (ب) صرف دائیں (ج) صرف بائیں (د) قبلے کی طرف

سوال نمبر 9: مرد کے ستر کی مقدار کیا ہے؟

(الف) ناف سے گھٹنے تک (ب) پورا جسم (ج) ناف سے ٹخنوں تک (د) صرف گھٹنے

سوال نمبر 10: اگر کئی نمازیں قضا ہوں تو پہلی نماز کے لیے کیا حکم ہے؟

(الف) اذان و اقامت دونوں (ب) صرف اذان (ج) صرف اقامت (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 11: لونڈی کے بدن کا کون سا حصہ ستر ہے جو مرد کے ستر میں شامل نہیں؟

(الف) سر اور گردن (ب) پیٹھ اور پیٹ (ج) چہرہ اور ہاتھ (د) بازو اور پنڈلی

سوال نمبر 12: نمازی پر سب سے پہلے کس چیز کو مقدم کرنا واجب ہے؟

(الف) قبلہ رخ ہونا (ب) طہارت حاصل کرنا (ج) لباس پہننا (د) نیت کرنا

سوال نمبر13: نماز میں تکبیر کے وقت ہاتھ کہاں تک اٹھائے جاتے ہیں؟

(الف)کانوں تک (ب)سینے تک (ج)کندھوں تک (د)ناف تک

سوال نمبر14: نمازِ وتر میں قنوت کب پڑھا جاتا ہے؟

(الف)رکوع کے بعد (ب)رکوع سے پہلے (ج)سجدے میں (د)قعدے میں

سوال نمبر15: فرائضِ نماز کتنے ہیں؟

(الف)چار (ب)پانچ (ج)چھ (د)سات

سوال نمبر16: نمازِ فجر کے بعد کون سی نماز مکروہ ہے؟

(الف)اشراق (ب)چاشت (ج)نفل (د)کوئی نہیں

سوال نمبر17: سجدے میں پیشانی کے ساتھ کیا رکھنا ضروری ہے؟

(الف)ناک (ب)ہاتھ (ج)بازو (د)پاؤں

سوال نمبر18: قیام میں ہاتھ کہاں باندھنا سنت ہے؟

(الف)ناف کے اوپر (ب)ناف کے نیچے (ج)سینے پر (د)پہلو کے ساتھ

سوال نمبر19: امام فجر کی پہلی دو رکعتوں میں قراءت کس طرح کرتا ہے؟

(الف)آہستہ (ب)بلند آواز سے (ج)صرف سورہ فاتحہ (د)بغیر قراءت کے

سوال نمبر20: وتر کتنی رکعت ہوتی ہے؟

(الف)دو (ب)تین (ج)چار (د)پانچ

سوال نمبر21: امامت کے لیے سب سے زیادہ حق دار کون ہے؟

(الف)عمر میں بڑا (ب)بڑا قاری (ج)بڑا متقی (د)بڑا عالم

سوال نمبر22: نماز کے دوران گفتگو کرنے کا حکم کیا ہے؟

(الف)جائز (ب)ناجائز (ج)مکروہ (د)مستحب

سوال نمبر23: نماز میں سلام پھیرنے کے لئے دائیں بائیں گردن موڑنے کا حکم کیا ہے؟

(الف)جائز (ب)مستحب (ج)مکروہ (د)فرض

سوال نمبر24: اگر فجر کی نماز میں سورج نکل آئے تو کیا حکم ہے؟

(الف)نماز باطل (ب)نماز مکمل (ج)مکروہ (د)واجب الاعادہ

سوال نمبر25: اگر امام کو نماز میں حدث لاحق ہو تو کیا کرے؟

(الف)وضو کر کے واپس آجائے (ب)سلام پھیر دے (ج)کسی کو خلیفہ بنادے (د)ان میں سے کوئی نہیں

رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 2 | پرچہ: دوسرا | مضمون: الحدیث

تاریخ: 22-01-2026 | دن: جمعرات | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: سب سے بڑا گناہ اللہ کے نزدیک کون سا ہے؟

سوال نمبر 2: حدیث کے مطابق منافقت کی چار علامتیں کون سی ہیں؟

سوال نمبر 3: وہ کون سے تین لوگ ہیں جنہیں دوہرا اجر ملتا ہے؟

سوال نمبر 4: وفدِ عبد القیس کو نبی ﷺ نے چار چیزوں سے کس لیے منع فرمایا؟

سوال نمبر 5: حقّ اللہ اور حقّ العباد کے بارے میں معاذ بن جبل کو نبی ﷺ نے کیا تعلیم دی؟

سوال نمبر 6: حدیث کے مطابق قبر کے عذاب کی دو وجوہات کیا تھیں؟

سوال نمبر 7: رحمِ مادر میں موجود بچے کے بارے میں فرشتہ کون سی چار چیزیں لکھتا ہے؟

سوال نمبر 8: حدیث "الطهور شطر الإيمان" میں طہارت کے علاوہ چار اعمال کون سے بیان ہوئے ہیں؟

سوال نمبر 9: وضو کے بعد کی جانے والی کون سی دعا سے جنت کے آٹھوں دروازے کھلنے کی بشارت ہے؟

سوال نمبر 10: حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مذی کے متعلق کیا حکم دیا گیا؟

سوال نمبر 11: صہباء کے مقام پر سَویق کھانے کے بعد رسول اللہ ﷺ نے کیا عمل کیا؟

سوال نمبر 12: اونٹ کے گوشت کے بعد وضو کے بارے میں رسول اللہ ﷺ کا کیا ارشاد ہے؟

سوال نمبر 13: دو قبروں پر ترشاخ رکھنے کی وجہ کیا بیان کی گئی؟

سوال نمبر 14: انصار کا طہارت کا طریقہ کیا تھا؟

سوال نمبر 15: حضرت عبد اللہ بن زید رضی اللہ عنہ نے وضو کا کون سا طریقہ بیان کیا؟

سوال نمبر 16: وضو میں پاؤں دھونے کی تکمیل نہ کرنے پر نبی ﷺ نے کیا تنبیہ فرمائی؟

سوال نمبر 17: ابتدا میں نبی کریم ﷺ نے ہر نماز کے لیے کس چیز کا حکم دیا تھا اور بعد میں کس حکم کو باقی رکھا؟

سوال نمبر 18: ابتداء اسلام اور انتہائے اسلام میں غسل جنابت کے حکم میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 19: نبی کریم ﷺ نے تیمم کہاں اور کس ضرورت کے وقت کیا؟

سوال نمبر 20: حضرت عمران بن حصین کی روایت میں جنابت کی حالت میں پانی نہ ملنے پر کیا حکم دیا گیا؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: حدیثِ جبرائیل میں دین کے تین بنیادی مدارج (اسلام، ایمان، احسان) کی تعریفات اور ان کے ارکان تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: نیت، اخلاص اور اعمال کی وضاحت کرتے ہوئے انکا باہمی ربط بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: حدیث پاک کی روشنی میں فطرت میں شامل امور، مسواک کی فضیلت، اور وضو کو مکمل کرنے کی تاکید تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: احادیث کریمہ کی روشنی میں علم کے فضائل پر جامع نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: نبی کریم ﷺ کی نصیحتوں، مزاح کے انداز کے عمل کو جامع انداز میں بیان کیجئے۔

رول نمبر: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: **کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 2** پرچہ: **دوسرا** مضمون: **الحدیث**

تاریخ: **22-01-2026** دن: **جمعرات** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

امتحانی سنٹر: _____ دستخط نگران امتحانی سنٹر: _____ دستخط مقتش: _____

دستخط اُمیدوار: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: نیت کا تعلق کس حدیث سے ہے؟

(الف) إنما الأعمال بالنيات (ب) الإيمان بضع وسبعون شعبة

(ج) الحياء من الايمان (د) لا يؤمن أحدكم حتى أكون أحب إليه

سوال نمبر 2: اسلام کی بنیاد کتنے ارکان پر ہے؟

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) سات

سوال نمبر 3: حدیث جبرئیل کی روشنی میں بتائیں کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کس مقصد سے حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے تھے؟

(الف) امتحان لینے (ب) دین سکھانے (ج) جنگ کی تیاری کے لیے (د) وحی لانے

سوال نمبر 4: ایمان کی ایک شرط کون سی ہے؟

(الف) دنیا سے محبت (ب) تقدیر پر ایمان (ج) مالداری (د) شہرت حاصل کرنا

سوال نمبر 5: قیامت کی ایک نشانی کیا بیان ہوئی؟

(الف) لوگ لمبی عمارتیں بنائیں گے (ب) زمین سبز ہو جائے گی (ج) سب مسلمان ہو جائیں گے (د) پانی میٹھا ہو جائے گا

سوال نمبر 6: حدیث کے مطابق کن لوگوں کو قیامت کی نشانی بتایا گیا؟

(الف) غنی لوگ (ب) ان پڑھ غریب (ج) ننگے پاؤں، ننگے بدن، بہرے گونگے (د) عالم لوگ

سوال نمبر 7: اسلام کے ارکان میں سے ایک رکن کون سا ہے؟

(الف) جہاد (ب) روزہ (ج) قربانی (د) صدقہ فطر

سوال نمبر 8: ایمان کی سب سے ادنیٰ شاخ کون سی ہے؟

(الف) راستہ صاف کرنا (ب) نماز پڑھنا (ج) زکوٰۃ دینا (د) سلام کرنا

سوال نمبر 9: ایمان کی مٹھاس پانے والے شخص کی صفت کیا ہے؟

(الف) صرف عبادت کرنا (ب) کسی کو صرف اللہ کے لیے محبت کرنا (ج) روزہ رکھنا (د) تجارت کرنا

سوال نمبر 10: حدیث کے مطابق جو شخص نبی کریم ﷺ پر ایمان نہ لائے وہ کس گروہ میں شامل ہو گا؟

(الف) جنتی (ب) جہنمی (ج) منافقین (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: دیہاتی شخص کو جنت میں داخلے کے لیے کون سے اعمال بتائے گئے؟

(الف) اللہ کی عبادت، نماز، زکوٰۃ، رمضان کے روزے (ب) حج، صدقہ، قربانی

(ج) جہاد، روزہ، نماز (د) روزہ، نکاح، صدقہ

سوال نمبر12: وفد عبد القیس سے نبی کریم ﷺ نے ایمان کی تعریف میں سب سے پہلے کیا بیان کیا؟

(الف) روزہ رکھنا (ب) شہادتین (ج) جہاد (د) صدقہ دینا

سوال نمبر13: عید الاضحیٰ یا عید الفطر کے موقع پر نبی کریم ﷺ نے خواتین کو کیا حکم دیا؟

(الف) روزہ رکھو (ب) صدقہ دو (ج) نماز پڑھو (د) ذکر کرو

سوال نمبر14: دین میں کمی کی مثال حدیث میں کس بات سے دی گئی؟

(الف) نماز اور روزے کا ترک حیض کے ایام میں (ب) زکوٰۃ نہ دینا (ج) حج نہ کرنا (د) جہاد نہ کرنا

سوال نمبر15: حضرت ابوذر رضی اللہ تعالی عنہ کی روایت کے مطابق جو "لا الٰہ الا اللہ" پر مرے گا، وہ کہاں جائے گا؟

(الف) جنت میں (ب) جہنم میں (ج) برزخ میں (د) اعراف میں

سوال نمبر16: نبی کریم ﷺ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ کو کیا چیز دے کر بھیجا تھا؟

(الف) کپڑے (ب) نعلین (ج) عصا (د) عمامہ

سوال نمبر17: حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ تعالی عنہ کے مطابق ایمان کی تعریف کیا بیان ہوئی؟

(الف) صبر اور سخاوت (ب) نماز اور روزہ (ج) حج اور جہاد (د) علم اور زکوٰۃ

سوال نمبر18: نبی کریم ﷺ نے افضل ایمان کس کو قرار دیا؟

(الف) صبر کرنا (ب) حسن اخلاق (ج) کثرتِ نماز (د) روزہ رکھنا

سوال نمبر19: حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ کی روایت کے مطابق سب سے بڑا گناہ کون سا ہے؟

(الف) چوری کرنا (ب) شرک کرنا (ج) سود کھانا (د) قتل کرنا

سوال نمبر20: " سات ہلاک کرنے والے گناہوں" میں سے ایک گناہ ہے۔

(الف) یتیم کا مال کھانا (ب) کھانے میں اسراف (ج) نماز چھوڑنا (د) والدین کی نافرمانی

سوال نمبر21: حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ تعالی عنہ جب بارگاہ رسالت میں تشریف لائے تو نبی کریم ﷺ نے انہیں کتنی نشانیاں بیان فرمائیں؟

(الف) سات (ب) نو (ج) پانچ (د) دس

سوال نمبر22: جس نے فرض نماز جان بوجھ کر چھوڑ دی، اس کے بارے میں کیا فرمایا گیا؟

(الف) اس کا روزہ ٹوٹ گیا (ب) اللہ کی ذمہ داری سے آزاد ہو گیا (ج) وہ فاسق ہو گیا (د) اس کا نکاح ٹوٹ گیا

سوال نمبر23: حدیث کے مطابق ہر انسان کی پیدائش کے وقت کیا ہوتا ہے؟

(الف) فرشتہ دعا کرتا ہے (ب) شیطان چھوتا ہے (ج) اللہ فرشتوں کو حکم دیتا ہے (د) جبرائیل علیہ السلام آتے ہیں

سوال نمبر24: فرشتے کی لمس کس چیز کی طرف رغبت دلاتی ہے؟

(الف) خیر اور حق کی تصدیق (ب) شر اور جھوٹ (ج) نافرمانی (د) تکبر

سوال نمبر25: حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ کی روایت کے مطابق ماں کے پیٹ میں انسان کی تخلیق کے پہلے مرحلے میں کتنے دن نطفہ رہتا ہے؟

(الف) 20 دن (ب) 30 دن (ج) 40 دن (د) 50 دن

رول نمبر: _____	**سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ** کنزالمدارس بورڈ	KANZ-UL-MADARIS BOARD
جوابی کاپی نمبر: _____	درجہ: **کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 2** پرچہ: **پہلا** مضمون: **التفسیر** تاریخ: **21-01-2026** دن: **بدھ** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**	

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: سورہ بقرہ کس شہر میں نازل ہوئی اور اس میں کتنے رکوع اور آیات ہیں؟

سوال نمبر 2: سورہ بقرہ کی تلاوت کے دو اہم فضائل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: غیب پر ایمان لانے سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 4: حضرت آدم علیہ السلام کو اشیاء کے نام بتانے کے بعد اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے کیا فرمایا؟

سوال نمبر 5: تورات میں تحریف کرنے کا مقصد کیا تھا؟

سوال نمبر 6: بنی اسرائیل کو تورات میں دیئے گئے تین اہم احکام کون سے تھے؟

سوال نمبر 7: اہل حبشہ اور شامی راہب کس صحابی کے ساتھ بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے تھے؟

سوال نمبر 8: حضرت اسماعیل علیہ السلام کو حضرت یعقوب علیہ السلام کے آباء میں کیوں شمار کیا گیا؟

سوال نمبر 9: مصیبت کے وقت کون سا کلمہ پڑھنے سے رحمتِ الٰہی کا نزول ہوتا ہے؟

سوال نمبر 10: ضد اور ہٹ دھرمی منافق کو کس طرف ابھارتی ہے؟

سوال نمبر 11: قبیلہ قریش حج کے دوران کس غلط عمل کو اپنی بڑائی سمجھتا تھا؟

سوال نمبر 12: قسم کی تین اقسام کے نام لکھئے۔

سوال نمبر 13: کافروں کو فطرتِ صحیحہ کی روشنی سے تاریکی کی طرف کون لے جاتا ہے؟

سوال نمبر 14: اسلام کا سہارا مضبوطی سے تھامے رکھنے کا ایک اہم طریقہ لکھئے۔

سوال نمبر 15: نذرِ شرعی اور نذرِ عرفی میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 16: شیطان کس بات کا خوف دلاتا ہے؟

سوال نمبر 17: حضرت مریم رضی اللہ عنہا کو اللہ تعالیٰ نے کس فضیلت سے نوازا؟

سوال نمبر 18: حواریوں نے ایمان لانے کے بعد بارگاہِ الٰہی میں کون سی دعا کی؟

سوال نمبر 19: آخرت کی نجات کا اصل دارومدار کس پر ہے؟

سوال نمبر 20: غزوہ اُحد میں نبی کریم ﷺ نے پچاس تیر انداز کہاں اور کس مقصد کے لیے مقرر کیے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: متقی لوگوں کی قرآن کریم میں بیان کردہ صفات تفصیل سے لکھئے۔

سوال نمبر 2: ایمان پر خاتمہ کے متعلق اسلامی تعلیمات کو تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: سورۃُ البقرہ میں بنی اسرائیل کو ایک گائے ذبح کرنے کا حکم دیا گیا۔ اس قصے میں قوم نے کیا سوالات کیے اور کیسے ان کی حجّت بازی کو بیان کیا گیا؟ اس سے اطاعتِ امر، تعمیلِ حکم اور غیر ضروری سوالات سے اجتناب کی کیا رہنمائی ملتی ہے؟

سوال نمبر 4: سورۃ آل عمران کی روشنی میں غزوہ احد کا پس منظر، حالات وواقعات، مسلمانوں کی کامیابی وناکامی کے اسباب لکھئے۔

سوال نمبر 5: سورۃ النساء کی روشنی میں حقوق نسواں اور خانوادگی نظام پر نوٹ تحریر کیجئے۔

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: سورہ فاتحہ میں کل کتنی آیات ہیں؟

(الف) 5 (ب) 6 (ج) 7 (د) 8

سوال نمبر 2: سورہ فاتحہ کو اور کس نام سے پکارا جاتا ہے؟

(الف) فاتحۃ الکتاب (ب) فسطاط القرآن (ج) سورۃ النور (د) سورۃ الکوثر

سوال نمبر 3: نماز میں سورہ فاتحہ پڑھنا کس کے لیے واجب ہے؟

(الف) امام اور منفرد (ب) مقتدی (ج) سب نمازی (د) صرف تراویح میں

سوال نمبر 4: عبادت کا عام فہم مطلب کیا ہے؟

(الف) کسی کی تعظیم (ب) کسی کی تعریف کرنا (ج) کسی کا احترام کرنا (د) کسی کو عبادت کے لائق سمجھ کر تعظیم کرنا

سوال نمبر 5: حقیقی مددگار کون ہے؟

(الف) نبی کریم ﷺ (ب) اولیاء اللہ (ج) اللہ تعالیٰ (د) فرشتے

سوال نمبر 6: سورہ بقرہ کہاں نازل ہوئی؟

(الف) مکہ مکرمہ (ب) مدینہ منورہ (ج) دونوں جگہ (د) طائف

سوال نمبر 7: سورہ بقرہ میں بنی اسرائیل کا کون سا واقعہ تفصیل سے بیان ہوا ہے؟

(الف) دریا کا پار ہونا (ب) گائے کا واقعہ (ج) من وسلویٰ (د) کوہِ طور کا واقعہ

سوال نمبر 8: تقویٰ کا لغوی معنی کیا ہے؟

(الف) نیکی کرنا (ب) خوف کی چیز سے بچانا (ج) عبادت کرنا (د) گناہوں سے بچنا

سوال نمبر 9: منافق اپنے سرداروں سے کیا کہتے تھے؟

(الف) ہم ایمان لے آئے (ب) ہم نے تمہیں چھوڑ دیا (ج) ہم تم سے بیزار ہیں (د) ہمارے عقیدے وہی ہیں جو تمہارے ہیں

سوال نمبر 10: اللہ کے استہزاء سے کیا مراد ہے؟

(الف) مذاق کرنا (ب) سزا دینا (ج) بدلہ دینا (د) نظر انداز کرنا

سوال نمبر 11: بجلی کی مثال سے کس کا حال بیان کیا گیا ہے؟

(الف) مومنین (ب) منافقین (ج) کفار (د) شہداء

سوال نمبر 12: حضرت آدم علیہ السلام کو تمام چیزوں کا علم کس طریقے سے دیا گیا؟

(الف) خواب میں (ب) بطور الہام (ج) کتاب دے کر (د) فرشتوں سے سیکھا

سوال نمبر 13: حضرت آدم علیہ السلام کو توبہ کے لیے کلمات کس نے سکھائے؟

(الف) فرشتوں نے (ب) حوروں نے (ج) اللہ تعالیٰ نے (د) حضرت جبرائیل علیہ السلام نے

سوال نمبر14: فرعون نے بنی اسرائیل کے بیٹوں کو قتل کرنے کا حکم کس وجہ سے دیا؟

(الف)غصے میں (ب)خواب کی وجہ سے (ج)جنگ کی وجہ سے (د)ٹیکس نہ دینے کی وجہ سے

سوال نمبر15: سامری کے بنائے بچھڑے میں آواز کیسے پیدا ہوئی؟

(الف)پانی ڈالنے سے (ب)جادو سے (ج)آگ جلانے سے (د)گھوڑے کے قدموں کی خاک ڈالنے سے

سوال نمبر16: ان پڑھ یہودی کس پر بھروسہ کرتے تھے؟

(الف)اپنے بڑوں کے بیانات پر (ب)خوابوں پر (ج)جادو پر (د)عرب قبائل پر

سوال نمبر17: علماء تورات نے کس خوف سے تورات میں تبدیلی کی؟

(الف)ایمان لانے کا خوف (ب)قتل کا خوف (ج)جلاوطنی کا خوف (د)روزی اور سرداری ختم ہونے کا خوف

سوال نمبر18: مدینہ میں بنی نضیر کس قبیلے کے حلیف تھے؟

(الف)خزرج (ب)اوس (ج)قریش (د)بنو ہاشم

سوال نمبر19: حضرت جبریل اور میکائیل علیہم السلام سے دشمنی کا نتیجہ کیا ہے؟

(الف)روزی کا بند ہونا (ب)کفر اور غضب الٰہی (ج)بیماری کا ہونا (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر20: یہودی اور عیسائی کس دعوے پر قائم تھے؟

(الف)صرف وہ جنت میں جائیں گے (ب)سب جنت میں جائیں گے (ج)کوئی جنت میں نہیں جائے گا (د)صرف مسلمان جنت میں جائیں گے

سوال نمبر21: بنی اسرائیل کو کس بات کی یاد دہانی کرائی گئی؟

(الف)ان کے عہد کی (ب)ان پر کی گئی نعمتوں کی (ج)ان کی خطاؤں کی (د)ان کے دشمنوں کی

سوال نمبر22: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کس کے لئے دین خالص کیا؟

(الف)اپنے خاندان کے لئے (ب)اپنے رب کے لئے (ج)اپنی قوم کے لئے (د)اپنے بیٹوں کے لئے

سوال نمبر23: کافروں کو کس چیز پر حسرت ہوگی؟

(الف)جائیداد کھونے پر (ب)جنت کی دائمی محرومی پر (ج)رشتہ ٹوٹنے پر (د)وقت ضائع ہونے پر

سوال نمبر24: حدیث کے مطابق حلال کمائی سے خود کھانا اور دوسروں کو کھلانا کیا لاتا ہے؟

(الف)غربت (ب)برکت اور پاکیزگی (ج)تھکن (د)قرض

سوال نمبر25: وصیت کو بدلنے کا گناہ کس پر ہے؟

(الف)وصیت کرنے والے پر (ب)بدلنے والوں پر (ج)گواہوں پر (د)وارثوں پر